


# تیسرا ون ڈے: زمبابوے کے خلاف پاکستان شاہینز کی ڈک ورتھ قانون کے تحت 5 رنز سے کامیابی، قاسم اکرم کی ناقابل شکست نصف سنچری۔

**ہرارے، 21 مئی 2023:**

پاکستان شاہینز نے زمبابوے سلیکٹ کے خلاف تیسرا ون ڈے ڈک ورتھ قانون کے تحت 5 رنز سے جیت لیا۔
چھ میچوں کی سیریز میں یہ اس کی پہلی کامیابی ہے۔ اس سے قبل دونوں میچز زمبابوے سلیکٹ نے جیتے تھے۔

میچ کی خاص بات بیس سالہ قاسم اکرم کی شاندار بیٹنگ تھی جنہوں نے آؤٹ ہوئے بغیر 57 رنز بنائے جس میں سات چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔

پاکستان شاہینز کی اننگز کے سنتالیسویں اوور میں امپائرز نے کم روشنی کی وجہ سے کھیل ختم کرنے کا فیصلہ کیا اسوقت پاکستان شاہینز نے 8 وکٹوں پر 263 رنز بنائے تھے اور اسے 19 گیندوں پر جیت کے لیے مزید 16 رنز درکار تھے۔

تیسرے میچ میں ٹیم تین تبدیلیوں کے ساتھ میدان میں اتری۔ کپتان عمران بٹ۔ مہران ممتاز اور میر حمزہ کی جگہ عمیر بن یوسف۔ قاسم اکرم اور محمد علی کو ٹیم میں شامل کیا گیا جبکہ قیادت کی ذمہ داری حسین طلعت نے سنبھالی۔

زمبابوے سلیکٹ کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے اننگز کی آخری گیند پر 278 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی جو اس سیریز میں کسی بھی ٹیم کا سب سے بڑا اسکور بھی ہے۔

جواب میں پاکستان شاہینز نے 46 اعشاریہ 5 اوورز میں وکٹوں پر 263 رنز بنائے تھے۔

زمبابوے سلیکٹ کی اننگز میں اس کی پانچ وکٹیں 137 رنز پر گر گئی تھیں اس موقع پر شان ولیمز نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 59 گیندوں پر 78 رنز اسکور کیے جس میں 3 چھکے اور 6 چوکے شامل تھے۔

37 سالہ شان ولیمز کی یہ ایک روزہ مقابلوں میں 44 ویں نصف سنچری ہے۔ انہوں نے وکٹ کیپر کلائیو مداندے کے ساتھ چھٹی وکٹ کی شراکت میں 65 رنز کا اضافہ کیا۔ مداندے اور ولیمز دونوں کو شاہنواز دھانی نے آؤٹ کیا جو اس سے قبل اوپنر جوئے لارڈ گمبی کی وکٹ بھی حاصل کر چکے تھے۔ انہوں نے اپنی چوتھی وکٹ ٹینڈائی چتارا کو آؤٹ کر کے حاصل کی۔

شاہنواز دھانی نے 10 اوورز میں 43 رنز دے کر چار وکٹیں حاصل کیں۔ عامر جمال نے 60 رنز کے عوض تین کھلاڑی آؤٹ کیے۔ تین میچوں میں ان کی وکٹوں کی تعداد 12 ہو گئی ہے۔

پاکستان شاہینز کی اننگز کا آغاز محمد حریرہ اور صائم ایوب نے کیا تاہم دونوں 47 کے مجموعی اسکور پر آؤٹ ہوگئے۔ صائم ایوب نے پانچ چوکوں کی مدد سے 28 رنز بنائے جبکہ محمد حریرہ 19 رنز بنا سکے جس میں تین چوکے شامل تھے۔
عمیر بن یوسف اور حسیب اللہ تیسری وکٹ کی شراکت میں 60 رنز کا اضافہ کر پائے تھے کہ عمیر بن یوسف 29 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔

حسیب اللہ خان نے چھ چوکوں کی مدد سے 49 رنز کی اننگز کھیلی۔
کپتان حسین طلعت 10 اور کامران غلام 27 رنز بنا سکے۔

پاکستان شاہینز کی چھٹی وکٹ گری تو اسکور 169 رنز تھا اس موقع پر بیس سالہ قاسم اکرم اور اکیس سالہ مبصر خان 67 رنز کا اضافہ کرنے میں کامیاب ہوگئے۔

پاکستان شاہینز کو آخری دس اوورز میں جیت کے لیے 56 رنز درکار تھے تاہم 42 ویں اوور میں مبصر خان کی وکٹ گر گئی جنہوں نے تین چوکوں کی مدد سے 30 رنز بنائے لیکن قاسم اکرم نے ہمت نہیں ہاری اور ایک ایسی اننگز کھیلنے میں کامیاب ہوگئے جس نے اپنی ٹیم کی جیت میں فیصلہ کن کردار ادا کرڈالا۔

میزبان ٹیم کی طرف سے ٹینڈائی چِتارا نے 53 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے پہلے ایک روزہ میچ میں بھی عمدہ بولنگ کرتے ہوئے پانچ کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا تھا۔
دونوں ٹیموں کے درمیان چوتھاون ڈے منگل کے روز کھیلا جائے گا۔

**مختصر اسکور۔**

زمبابوے سلیکٹ 278 رنز (50 اوورز) شان ولیمز 78۔ شاہنواز دھانی 43/4 وکٹ۔ عامر جمال 60/3 وکٹ۔
پاکستان شاہینز۔ 263 رنز 8 کھلاڑی آؤٹ (46 اعشاریہ 5 اوورز) قاسم اکرم 57 ناٹ آؤٹ حسیب اللہ خان 49۔ چِتارا 4/53 وکٹ
۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

**Commercial Partners**

**Broadcast & Live Streaming Partners**

**Pathway Cricket Programme**

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial